فوری ریلیز کے لیے: 2023/2/2 **گورنر *KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL کا بروکلین میں ٹاکومبی کے ٹارٹیلریا کی تکمیل کا اعلان

کمپنی کا سن سیٹ پارک کے مقام پر 90 نئی نوکریاں پیدا کرنے کا وعدہ

نئی 30,000 مربع فٹ عمارت کمپنی کے ریٹیل اور ٹیکویریا افعال میں ہاتھ بٹاتی ہے، اور مقامی اشیاء ساز معیشت کو ترقی دیتی ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج سن سیٹ پارک، بروکلین میں دی وہیل بلڈنگ میں ٹاکومبی کی کھانے کی اشیاء بنانے والی نئی سہولت کی تکمیل کا اعلان کیا ہے۔ ٹاکومبی نیو یارک شہر میں قائم کھانے اور مشروبات کا ایک برانڈ ہے جس کی توجہ لوگوں کو میکسیکو سے جوڑنے پر مرکوز ہے۔ ٹاکومبی کی نئی 30,000 مربع فٹ کی جدید ترین سہولت کمپنی کو اپنے افعال کو وسیع کرنے اور پیداواری صلاحیت کو بڑھانے کے قابل بنائے گی۔ ٹاکومبی نے اس توسیع کے جزو کے طور پر کم از کم 90 نئی کل وقتی ملازمتیں پیدا کرنے کا عہد کیا ہے، جس میں ایمپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کی جانب سے کارکردگی پر مبنی ایکسلسیئر جابز پروگرام کے ٹیکس کریڈٹ میں $1 ملین تک کی معاونت حاصل ہے۔

گورنر Hochul نے کہا، "بروکلین میں ٹاکومبی کی نئی مینوفیکچرنگ عمارت کی تکمیل ریاست کی اشیاء سازی کی صنعت کو زندہ کرنے اور نیو یارک میں معیاری ملازمتیں لانے کی ہماری کوششوں کا ثبوت ہے۔ میکسیکو کے ساحلوں پر لگے ایک سٹینڈ سے لے کر نیو یارک کی سڑکوں پر آنے تک، ٹاکومبی نیو یارک شہر کی کامیابی کی حتمی کہانی کے طور پر کام کرتا ہے، اور میں پُرجوش ہوں کہ وہ ملک بھر کے ریستورانوں اور پرچون فروشوں کے ساتھ اپنے خاص پکوانوں کا اشتراک کر سکیں گے"۔

نیو یارک سٹی کے میئر Eric Adams نے کہا، "نیو یارک سٹی کاروبار میں واپس آ گیا ہے، اور میں بہت خوش ہوں کہ آج، اس میں ٹاکومبی کی وسٹا ہرموسا ٹورٹیلا فیکٹری شامل ہے۔ یہ جدید ترین سہولت نیو یارک سٹی کے لیے ہر طرح سے ایک جیت ہے، جو ملک بھر میں ٹاکومبی ریستوران اور پرچون کی دکانوں کو تازہ ٹورٹیلا فراہم کرتی ہے اور یہیں سن سیٹ پارک میں مقامی ملازمتیں پیدا کرتی ہے۔ میری انتظامیہ کو ہمیشہ ہمارے مقامی کاروبار کی پشت پناہی حاصل رہے گی اور میں نیو یارک سٹی کی اشیاء سازی کی معیشت کی معاونت کے لیے گورنر Hochul کا شکر گزار ہوں"۔

سنہ 2006 میں میکسیکو میں ساحل سمندر پر ٹیکو سٹینڈ کے طور پر شروع کیے گئے، ٹاکومبی نے سنہ 2010 میں نیو یارک سٹی کے نولیتا محلے میں اپنی پہلی امریکی دکان کھولی۔ ٹاکومبی اب مینہیٹن، بروکلین اور کوئنز میں 11 ٹاکیریاز چلاتا ہے اور اس نے اپنے مستند، میکسیکن کھانوں کی وجہ سے مقبولیت حاصل کی ہے۔ وسٹا ہرموسا کی تخلیق اس وقت ہوئی تھی جب ٹاکومبی کو ایسے ٹورٹیلاز نہیں مل سکے جو ان کے ٹاکیریا کے لیے صداقت، معیار اور تازگی کے معیار پر پورا اترتے تھے اور انہوں نے یہ خود بنانا شروع کر دیے۔ اب بروکلین میں تیار کردہ، وسٹا ہرموسا کی مصنوعات 40 ریاستوں میں 2,000 سے زائد سٹوروں پر فروخت کی جاتی ہیں اور نیو یارک سٹی، گریٹر واشنگٹن ڈی سی اور میامی میں ٹاکومبی کے 15 ٹاکیریاز میں کھانے کے لیے پیش کی جاتی ہیں۔ 90 نئے، کل وقتی ملازمین افعال اور پیداوار کے مختلف پہلوؤں میں مدد کریں گے، اور ان میں مشین آپریٹر، سپروائزر، مکینک، کوالٹی

انسپکٹر، اور بیک آفس کا عملہ شامل ہیں۔

ایمپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، سی ای او اور کمشنر Hope Knight نے کہا، "سن سیٹ پارک میں ٹاکومبی کی نئی فوڈ مینوفیکچرنگ سہولت کا افتتاح کاروباری معاونت کے متنوع مینبو کا ثبوت ہے جو ریاست نیو یارک پیش کرتی ہے، اور ہمیں ایسے اجزاء فراہم کرنے پر فخر ہے جو کاروبار کے لیے اپنے اہداف کو پورا کرنے کے لیے اہم ہیں۔ یہ توسیع ملازمتوں میں اضافہ کرتی ہے، نیو یارک سٹی کی معیشت کو متنوع بنانے میں مدد کرتی ہے اور ایک ایسی جگہ کے طور پر خطے کی ساکھ کو مستحکم کرنا جاری رکھے ہوئے ہے جہاں کاروبار شروع ہو سکتے ہیں، کام کر سکتے ہیں اور ترقی کر سکتے ہیں"۔

ٹاکومبی کے بانی اور سی ای او Dario Wolos نے کہا، "بروکلین میں ہمارے نئے ٹارٹیلیریا کا افتتاح ٹاکومبی اور وسٹا ہرموسا کی توسیع میں ایک اہم سنگِ میل کی نشاندہی کرتا ہے۔ ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کی طرف سے فراہم کردہ ٹیکس مراعات نے ہماری سہولت کو نیو جرسی سے نیو یارک منتقل کرنے کے فیصلے میں ایک مؤثر کردار ادا کیا اور ہم سن سیٹ پارک میں اس طرح کے پُررونق اور متنوع علاقے میں شامل ہونے کے لیے پُرجوش ہیں"۔

نیو یارک سٹی علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل کے شریک چیئرز Winston Fisher، فشر برادرز کے شراکت دار، اور سٹی یونیورسٹی آف نیو یارک کے چانسلر Félix V. Matos Rodríguez نے کہا، "ٹاکومبی کا نیو یارک شہر میں مینوفیکچرنگ کی سہولت کھولنے کا فیصلہ شہر کی متحرک غذائی ثقافت اور کمپنی کے ترقی کر کے ایک عالمی برانڈ بننے کی بات کرتا ہے۔ ٹاکومبی نا صرف اضافی ملازمتوں اور معاشی ترقی میں حصہ ڈالے گی، بلکہ ان کی نئی سہولت نیو یارک شہر کی ساکھ میں طباخی میں کمال کی ایک منزل کے طور پر شہرت میں مزیدار اضافہ کرے گی"۔

مینوفیکچرنگ ریاست نیو یارک کی 21ویں صدی کی معیشت کا ایک ستون ہے، اور نیو یارک شہر میں غذائی اشیاء کی تیاری کا ایک متحرک شعبہ ہے جو ملازمتوں کی معاونت کرتا ہے اور آمدنی پیدا کرتا ہے۔ ان کمپنیوں کو اپنی طرف متوجہ کرنے اور برقرار رکھنے کی ریاست کی کوششیں اس بات کو یقینی بنانے میں مدد کرتی ہیں کہ موجودہ اور نئے مینوفیکچرنگ کرنے والے کاروباری اداروں کے پاس وہ جگہ اور مدد موجود ہے جو انہیں ترقی کرنے کے لیے درکار ہے۔ ٹاکومبی میں نیو یارک کی سرمایہ کاری کمپنی کی ترقی اور مینوفیکچرنگ کے منصوبوں کو آگے بڑھائے گی تاکہ بڑھتی ہوئی طلب کو پورا کیا جا سکے، مختلف پرچون فروشوں کو مقامی طور پر تیار کردہ مصنوعات فراہم کی جائیں گی اور کمپنی کے ریستوران اور پرچون فروشی کی دکانوں کو رسد پہنچائی جائے گی۔

ٹاکومبی ایک مضبوط علاقائی شراکت دار ہے، ٹاکومبی فاؤنڈیشن کے ذریعے ضرورت مندوں کی مدد کرتا ہے، جو اس کی بلامنافع کام کرنے والی پہل کاری ہے۔ ٹاکومبی فاؤنڈیشن پروگرام کے اہداف میں کھانے تک رسائی، تعلیم اور روزگار کے ذریعے میکسیکن برادری کو آگے بڑھانا شامل ہے۔ ہر ہفتے، فاؤنڈیشن کا ٹاکومبی کمیونٹی کچن پروگرام غذائی عدم تحفظ کے شکار لوگوں کے لیے کھانا تیار اور تقسیم کرتا ہے۔ فی الحال، تنظیم نیو یارک سٹی، گریٹر ڈی سی اور میامی، فلوریڈا میں 25 سے زیادہ علاقائی شراکت داروں کے ذریعے ہفتے میں 7,000 سے زیادہ کھانے فراہم کرتی ہے۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں